**GOVERNMENT OF PAKISTAN**

**ALLIED HEALTH PROFESSIONALS COUNCIL**

Ex. PHRC Building, Opp. Radio Pakistan, Shahrah-e-Jamhuriat,
Sector G-5/2, Islamabad. Ph: (051)9216791. 9207367; 9207386 Ext. 20
Email: admnahpc@gmail.com website: www. ahpc.org.pk

# پبلک نوٹس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان کے تمام الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز اور انکی تعلیم و تربیت کے انسٹیٹیوٹز، سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی رجسٹریشن اور الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی بُنیادی و اعلیٰ تعلیم و تربیت کے معیار کو ریگولیٹ کرنے کے لیے حکومت پاکستان نے اے ایچ پی سی ایکٹ نمبر IX-2022 کے تحت الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کا قیام ہو چُکا ہے۔

1. الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان، اے ایچ پی سی ایکٹ 2022 کے سیکشن 12 کے کلاز (1)، (4) اور سیکشن 18 اور 19 کے تحت مختلف الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی بنیادی و اعلیٰ تعلیم و تربیت فراہم کرنے والے اداروں کی منظوری اور رجسٹریشن کے لیے کونسل ہذا واحد ریگولیٹری ادارہ ہے جو قواعد و ضوابط و دیگر متعلقہ معلومات فراہم کرتی ہے۔

2. الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان کے ایکٹ 2022 کی دفعہ 16 کی کلاز (1)، (2) اور سیکشن 20 کے تحت تمام الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز و طلباء کی رجسٹریشن کروانا لازم ہے۔

3. الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان کے ایکٹ 2022 شیڈول-1 میں شامل تمام الائیڈ ہیلتھ ڈسپلنز کے لیے یکساں قومی نصاب مرتب کرنے کا بھی مجاز ادارہ ہے۔

4. تمام اداروں کو دوبارہ مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی ایک شعبے میں سالانہ 100 سے زیادہ سیٹیں/طلبہ کو رجسٹر نہ کریں۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

لہذا ملک بھر کے تمام سرکاری اور نجی شعبے کے انسٹیٹوشنز، سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز، پروفیشنلز اور طلباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کے ایکٹ 2022 کے مندرجہ بالا سیکشنز پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے اور **30-04-2025** سے پہلے رجسٹریشن کے لئے اپلائی کریں ۔ جن اداروں نے پہلے سے پروویژنل رجسٹریشن ختم ہو چکی ہے وہ انسپکشن فیس جمع کروائیں گے اور انسپکشن کے بعد ان کی رجسٹریشن کی جائے گی۔ نیز کونسل نے ایکریڈیشن مینول منظور کر دیا ہے جو کہ AHPC کی ویب سائیٹ پر دیکھا جا سکتا ہے اور اداروں کے سربراہان اس پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

**نوٹ** :- خلاف ورزی کی صورت میں اے ایچ پی سی ایکٹ 2022 کے سیکشن 25، 24، 23، 22، کے تحت تادیبی و قانونی کاروائی کی جائے گی۔
غیر رجسٹرڈ تعلیمی اداروں میں داخلہ لینے والے طلبا اپنے نقصان کے خُود ذمہ دار ہونگے۔

**ڈاکٹر ابرار رفیق (سیکرٹری)**

الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان